# OCTOPUS DIGITAL

# آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ نوٹس برائے سالانہ پانچواں اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کے آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ " کمپنی" کا سالانہ پانچواں اجلاس عام مورخہ 28 اپریل 2022ء بروز جمعرات سہ پہر 3:30 بجے، ایونسیون بلڈنگ، 19۔کلومیٹر، مین ملتان روڈ، لاہور سے بذریعہ ویڈیو لونک مندرجہ ذیل کاروباری امور کو انجام دینے کیلئے منعقد ہوگا۔

تمام حصص یافتگان کو اطلاع دی جاتی ہے کے COVID-19 کی وجہ سے کمپنی کے سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کے SOPs نے تمام اندرونی اور بیرونی محفلوں اور تفریحی سرگرمیوں پر پابندی لگا رکھی ہے، اور موجودہ رمضان کے مقدس مہینے میں نماز کے اوقات کی پابندیاں ہیں، لہذا سالانہ اجلاس عام صرف بذریعہ ویڈیو لونک منعقد کیا جائے گا۔

**A۔عمومی کاروباری امور:۔**

1۔تفصیلات کی منظوری ( Minutes of the Meeting ) جو کہ غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 09 فروری 2022ء کو منعقد ہوا تھا۔

2۔31 دسمبر 2021ء کو ختم ہونے والے کمپنی کے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ڈائریکٹران، آڈیٹرز اور چیئرمین کا جائزہ کی رپورٹس وصول کرنا ان پر غور کرنا اور انہیں اختیار کرنا۔

3۔کمپنی کے آڈیٹر کو مقرر کرنا اور اس کا معاوضہ طے کرنا حصص یافتگان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹران نے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز EY Ford Rhodes, Chartered Accountants جو کہ دوبارہ تقرری کے لیے اہل ہیں، کا نام آئندہ مالی سال 31 دسمبر 2022ء کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کیلئے تجویز کیا ہے۔

**B۔**کوئی بھی اضافی امور جو کہ چیئرمین کی اجازت سے ہونگے۔

بحکم بورڈ:۔ احسن خلیل ( کمپنی سیکرٹری ) لاہور مورخہ **07** اپریل **2022**ء

وہ ب لنک برائے آن لائن میٹنگ بذریعہ **"ZOOM"**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 4 بتاریخ 15 فروری 2021ء کے تحت سالانہ اجلاس کی کاروائی صرف بذریعہ "ZOOM" آن لائن ہوگی۔

میٹنگ کی براہ راست کاروائی میں شرکت کیلئے حصص یافتگان سے گذارش ہے کہ وہ نیچے دیئے گئے لنک کو کلک کریں:

https://us02web.zoom.us/webinar/register/WN_v602wRpzQmaQsvEMSmDPIg

میٹنگ میں شرکت کیلئے درج ذیل لنک سے مکمل راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں https://octopusdtl.com/investor-relations/

"ZOOM" کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کرنے والے حصص یافتگان کو یہ سہولت دی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل لنک، ای میل یا پوسٹل ایڈریس پر اپنے متعلقہ سوالات | تبصرے | تجاویز اپنے نام اور فولیو نمبر کیساتھ بھیجیں۔

پوسٹل ایڈریس: کارپوریٹ آفیسر آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ، 19۔کلومیٹر، مین ملتان روڈ، لاہور۔ Email: ahsan.khalil@octopusdtl.com

SECP کے نوٹیفکیشن 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت، آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور سالانہ جنرل میٹنگ کے نوٹس کو ای میل کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دی گئی ہے کمپنی کی سالانہ رپورٹ ان حصص یافتگان کو ای میل کے ذریعے بھیجی جائے گی جن کے ای میل CDC اور شیئر رجسٹرار کے ریکارڈ ڈیٹابیس میں موجود ہیں۔حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل کو مذکورہ بالا لنک یا ای میل یا پوسٹل ایڈریس پر بھیجیں۔سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ /https://octopusdtl.com پر بھی لوڈ کی گئی ہے اور حصص یافتگان تک آسانی سے قابل رسائی ہے۔

حاشیات:۔

(1) کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتب مورخہ 21 اپریل 2022ء سے 28 اپریل 2022ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی جس دوران تدوین کیلئے کسی بھی حصص کی منتقلی کی وہ درخواستیں جو درست حالت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، مورخہ 20 اپریل 2022ء کو دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی۔ان کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت شمار کیا جائے گا۔

(2) سالانہ اجلاس عام میں شمولیت، بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے مستحق ہر حصص یافتگان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ شرکت بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کیلئے اپنی جگہ کسی پراکسی (نمائندہ) کو مقرر کرے اور ایسے پراکسی کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کی نسبت سے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کہ بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان کو حاصل ہوتے ہیں۔پراکسی مقرر کرنے کیلئے ہر لحاظ سے درست اور باقاعدہ مہر شدہ اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا ضروری ہے۔پراکسی کا بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان میں سے ہونا ضروری نہیں۔

(3) حصص یافتگان کیلئے ضروری ہے کہ وہ بروقت اپنے پتہ میں تبدیلی فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مطلع کر دیں۔

حصص یافتگان کے اجلاس میں شرکت کیلئے۔

ا۔انفرادی فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ جسکی سیکورٹی گروپ اکاؤنٹ میں جمع ہے انکی رجسٹریشن کی تفصیل قوانین کے مطابق لف ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے شناخت کی تصدیق اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ سے کروائیں۔

۲۔حصص یافتگان جو کہ CDC میں رجسٹر ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر جو کہ CDC میں ہے، مہیا کریں۔

۳۔کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹران اپنے ٹرسٹیز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ پیش کریں۔

پراکسی کی تقرری کیلئے:۔

ا۔انفرادی فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور زیادہ افراد جسکی سیکورٹی گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، پراکسی فارم مکمل اور صحیح طور پر تصدیق شدہ ہو جمع کروانا ہونگے۔

۲۔پراکسی فارم پر دو اشخاص گواہ ہونے چاہئیں جنکے نام، پتہ جات، شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر لکھے ہوں۔

۳۔حصص یافتگان اور پراکسی کے درست شناختی کارڈ یا فائدہ مند مالکان کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کریں۔

۴۔پراکسی اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔

۵۔کارپوریٹ شناخت کی صورت میں مختار عام بورڈ آف ڈائریکٹران کا ریزولوشن نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ جات کے ساتھ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔

احسن خلیل ( کمپنی سیکرٹری )